## سوال

(697)جمعہ کے لئے نمازیوں کی تعداد

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز جمعہ اوراقامت خطبہ کے لئے نمازیوں کی کم ازکم کتنی تعداد شرط ہے ؟

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

اس مسئلہ میں اہل علم میں بہت اختلاف ہے اوراس مسئلہ میں سب سے زیادہ صحیح قول یہ ہے کہ اگر امام اوراس کے ساتھ دو مقتدی یعنی کل تین نمازی ہوں تو جمعہ ہو سکتا ہے یعنی اگر کسی بستی میں تین مکلف آزاداور مقیم مرد ہوں تو وہ جمعہ قائم کریں اور نماز ظہر نہ پڑھیں کیونکہ نماز جمعہ کی مشروعیت اور فرضیت کے دلائل کے عموم سے معلوم ہوتا ہے کہ تین یا اس سے زیادہ آدمی ہوں توان کے لئے نماز جمعہ ادا کرنا فرض ہے ۔ (شیخ ابن باز رحمة اللہ علیہ)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ اسلامیہ : جلد1

## صفحہ نمبر 545

## محدث فتویٰ